# 21942 ـ حدیث ( اسلام میں کوئ سیاحت نہیں ) صحیح نہیں ہے

**سوال**

مندرجہ ذیل حدیث کا درجہ کیا ہے ؟

(اسلام میں سیاحت نہیں ) ۔

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

مصنف عبدالرزاق میں عن لیث عن طاؤس سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

( اسلام میں نہ توسیاحت اور نہ ہی علیحدگی اور نہ ہی رہبانیت ہے ) ۔

علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے ضعیف الجامع ( 6287 ) میں اس حدیث کوضعیف قرار دیا ہے ۔

لیکن وہ حدیث صحیح ہے جسے امام ابوداود رحمہ اللہ تعالی نے ابوامامۃ رضی اللہ تعالی عنہ سے بیان فرمایا ہے کہ :

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

( میری امت کی سیروسیاحت جہاد ہے ) ۔

علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح الجامع ( 2093 ) میں اسے صحیح قرار دیا ہے ۔

اوراللہ تعالی کے فرمان ( مسلمات مومنات قانتات تائبات عابدات سائحات ثیبات وابکارا ) التحریم ( 5 )میں سائحات کا معنی روزہ رکھنے والیاں ہے کیونکہ سائحات روزہ اورجہاد کے معنی میں شریعت میں استعمال ہوا ہے ۔

توآیت کا ترجمہ کچھ اس طرح ہوگا :

( اسلام اور ایمان لانے والیاں ، اللہ تعالی کے حضور جھکنےوالیاں ، توبہ کرنے والیاں ، عبادت بجا لانے والیاں ،

روزے رکھنے والیاں ، بیوہ اور کنواریاں ) التحریم ( 5 ) ۔

واللہ تعالی اعلم .